ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ہیلپ لائن نمبر 9110 کا افتتاح۔

پولیس کے خلاف شکایات کے نئے نظام کا آغاز۔

شکایات ریکارڈ ڈ ہونگی اور انہیں دوبارہ بھی سنا جاسکے گا۔

کراچی,24 اگست 2017ء:۔

آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں آئی جی سندھ کمپلیٹ سینٹر کے تحت ہیلپ لائن نمبر 9110 کا باقاعدہ افتتاح وآغاز کردیا۔اس سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب میں ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ ڈاکٹر وٹی اللہ دل وسندھ پولیس کے دیگر سینئر پولیس افسران کے علاوہ الیکٹرانک وپرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے نمائندگان بھی موجود تھے۔

آئی جی سندھ نے میڈیا سے گفتگو کے دوران بتایا کہ سندھ پولیس میں ایک نئے اور مربوط نظام کے آغاز کا مقصد عوام کی خدمت اور شکایات کا فوری اذالہ کرنا ہے۔

انہوں نے بتایا کہ 9110 پر موصول ہونیوالی ہر شکایت ریکارڈ ڈ ہوگی اور اسے دوبارہ بھی سنا جاسکے گا جبکہ تمام سنجیدہ نوعیت کی شکایات کی میں بذات خود مانیٹرنگ کرونگا۔انہوں نے بتایا کہ یہ نظام سندھ پولیس کی تمام ڈویژن سے منسلک ہے جسکا مقصد صرف اور صرف مفاد عامہ اور انکی ترجیحات ہیں۔

اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ شہری 9110 ڈائل کر کے پولیس کے خلاف براہ راست شکایت درج کراسکیں گے جن میں درخواست پر ایف آئی آر FIR کا عدم اندراج، درج کیس کی تفتیش درست نہیں ہورہی، پولیس نے کسی کو غیر قانونی حراست میں رکھا ہو، کوئی پولیس آفیسر رشوت کا مطالبہ کررہا ہو یا آپکے جائز کام میں تاخیر کا مرتکب ہو، کسی بے گناہ شخص کو مقدمے میں گرفتار کیا گیا ہو یا بدنیتی سے جھوٹی ایف آئی آر کا اندراج کیا گیا ہو وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

آئی جی سندھ نے مذید کہا کہ یہ ایمرجینسی نمبر نہیں ہے تاہم ایمرجینسی کی صورت میں شہری مددگار 15 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ مختلف نوعیت کے جرائم کے خلاف جنگ میں تمام متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی میں مذید بہتری کے ساتھ ساتھ ضرورت اس امر کی بھی ہے کہ شہری اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد اپنے انفرادی اور اجتماعی کردار کی بدولت پولیس سے ہر ممکن تعاون کو یقینی بنائیں۔